2017年6月20日ジャング紙ラホール版3面

کراچی جیل میں بڑا آپریشن، بیرکوں سے لاکھوں روپے نقد اور ممنوعہ سامان برآمد

7ہزار قیدیوں کی جامہ تلاشی لی گئی، 182 اسمارٹ فونز، فریج، ڈیپ فریزر اور درجنوں ٹی وی بھی پکڑے گئے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) سینٹرل جیل میں رینجرز، ایف سی اور پولیس کے مشترکہ سرچ آپریشن کے دوران بیرکوں سے لاکھوں روپے نقد اور ممنوعہ سامان برآمد ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ ہفتے کراچی سینٹرل جیل سے کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے دو قیدیوں کے فرار کے بعد دوسری مرتبہ آپریشن کیا گیا ہے۔ ایف سی، رینجرز اور پولیس کی اس مشترکہ کارروائی کو کراچی جیل کی تاریخ کا سب سے بڑا سرچ آپریشن کہا جارہا ہے۔ آپریشن کے دوران قیدوں کو بیرکس سے نکلنے پر پابندی تھی۔ سرچ آپریشن کے دوران ایف سی اور رینجرز نے جیل میں قید 7 ہزار قیدیوں کی جامہ تلاشی لی جس کے دوران سیاسی جماعتوں، کالعدم تنظیموں اور لیاری گینگ وار ملزموں کے قبضے سے 35 لاکھ روپے سے زائد نقد رقم برآمد ہوئی۔ اس کے علاوہ کالعدم دہشت گرد تنظیموں کے بیرک سے 12، ایم کیو ایم کے بیرک سے 70 اور گینگ وار ملزمان کے بیرک سے 100 اسمارٹ فونز بھی پکڑے گئے ہیں۔ ایف سی اور رینجرز نے اس کارروائی کے دوران مختلف بیرکس سے فریج، ڈیپ فریزر اور فرنیچر کے علاوہ درجنوں ٹی وی بھی برآمد کئے ہیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ صرف ایک بیرک سے 30 ٹی وی برآمد ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ ایم کیو ایم کے بیرک سے قیدیوں کا کچا راشن اور گیس سلنڈرز بھی قبضے میں لے لیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ 4 روز سے قیدیوں کے بیرکس سے نکلنے پر پابندی ہے اور قیدیوں کی پہلے سے طے شدہ ملاقاتیں بھی بند ہیں۔